اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# نئے تعلیمی سال 2025-26ء/1446-47 کے اعلانات

## انتظامی اعلانات

(1) تمام طلبہ سالانہ تعطیلات کے بعد اپنا شناختی کارڈ ضرور ہمراہ لائیں۔ بصورت دیگر جامعۃ المدینہ میں داخلے اور قیام پر پابندی لگ سکتی ہے۔

(2) جن طلبہ کی عمر اٹھارہ سال ہو چکی ہے وہ سالانہ تعطیلات میں اپنا شناختی کارڈ بنوا لیں۔ جبکہ جن طلبہ کا شناختی کارڈ نہیں بنا ہوا، وہ "ب فارم" اپنے ہمراہ لائیں۔

(3) سالانہ تعطیلات سے قبل تمام جامعات المدینہ کے طلبہ مرکز کی طرف سے دی گئی کتب اور دیگر سامان وغیرہ اپنے جامعۃ المدینہ میں جمع کروادیں

(4) جامعات المدینہ کے تمام طلبہ اپنا اضافی سامان اپنے ساتھ گھر لے جائیں۔ (بالخصوص دورہ حدیث و تخصص کے طلبہ اپنے باکس لازماً خالی کر کے جائیں) اور جاتے وقت ہمراہ لے جانے والے سامان کی جامعۃ المدینہ انتظامیہ کو چیکنگ ضرور کروائیں۔ نیز سردیوں کے بستر جو جامعات المدینہ میں رکھے ہوئے ہیں وہ بھی صفائی ستھرائی کے لیے ضرور گھر لے جائیں۔

(5) اگر موبائل فون استعمال کرتے ہیں تو اسے اپنے گھر پر ہی چھوڑ کر آئیں۔ جامعۃ المدینہ میں موبائل استعمال ممنوع ہے۔

## تعلیمی اعلانات

(6) سالانہ تعطیلات 05 شوال المکرم 1446ھ (متوقع 04 اپریل 2025) بروز جمعۃ المبارک تک ہوں گی۔ اور 06 شوال المکرم 1446ھ (متوقع 05 اپریل 2025ء) بروز ہفتہ جامعات المدینہ میں حاضری ہوگی۔

(7) کنز المدارس بورڈ کے سالانہ امتحانات 2025ء کا رزلٹ 26 رمضان المبارک 1446ھ کنز المدارس کی ویب سائٹ / موبائل ایپ پر اپ لوڈ کر دیا جائے گا۔ تمام ملحقہ اداروں کے پرنسپل اپنے جامعات کا اور طلبہ اپنا انفرادی رزلٹ ویب سائٹ / موبائل ایپ سے معلوم کر سکیں گے۔

(8)سالانہ پرچہ جات کی ری چیکنگ درخواستیں 05اپریل 2025ء تا 11اپریل 2025ء تک جمع کروائی جاسکیں گی۔ 11اپریل 2025ء کے بعد کوئی بھی ری چیکنگ کی درخواست قابلِ قبول نہیں ہوگی۔ ری چیکنگ کا درخواست فارم کنزالمدارس کے فیس بک پیج اور ویب سائٹ پر موجود ہے وہاں سے اس کو ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے نیز ناظم جامعۃ المدینہ کے پاس بھی ری چیکنگ کا درخواست فارم موجود ہے۔

(9)شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ پاکستان کی جانب سے ضمنی امتحان کی تواریخ (ڈیٹ شیٹ) کا اعلان وقت مناسب پر کیا جائے گا۔

(10)نئے تعلیمی سال 2025-26ء / 1446-47ھ کے لئے جامعۃ المدینہ میں داخلوں کا آغاز یکم رمضان 1446ھ سے ہوگا۔ اور 26شوال المکرم 1446ھ داخلوں کی آخری تاریخ ہے۔ نئے داخلوں کے لئے طلب کردہ دستاویزات اور شرائط کا پورا کرنا لازمی ہے۔

(11)افتتاح بخاری 10شوال المکرم 1446ھ کو جبکہ دستار فضیلت کے اجتماعات مجلس جامعۃ المدینہ کی طرف سے دیئے گئے شیڈول کے مطابق ہوں گے۔

(12)عامہ سالِ دوم، خاصہ سالِ دوم اور عالیہ سالِ دوم کے وہ طلباء کرام جو ضمنی امتحان میں شرکت کریں گے ایسے طلباء کرام 06شوال المکرم سے اگلے درجے میں بیٹھ کر اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ ضمنی امتحان پاس کرنے کی صورت میں اسی (اگلے) درجے میں ہی رہیں گے۔ تاکہ پاس ہونے کی صورت میں ان کے اگلے درجے کے اسباق متاثر نہ ہوں۔ جبکہ ناکام ہونے کی صورت میں پچھلے درجے میں بیٹھیں گے۔ جب تک ضمنی امتحان پاس نہیں کرلیتے۔ البتہ عامہ سالِ اول، خاصہ سالِ اول، عالیہ سالِ اول اور عالمیہ سالِ اول کے وہ طلباء کرام جو ضمنی امتحان میں شرکت کریں گے ایسے طلباء کرام 06شوال المکرم سے اگلے درجے میں ہی بیٹھ کر اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ ضمنی امتحان میں ناکام ہونے کی صورت میں بھی اسی (اگلے) درجے میں ہی رہیں گے۔ اور سالانہ امتحانات میں سابقہ درجے کی ضمنی کا امتحان بھی دیں گے۔

(13)رمضان شریف کی سالانہ چھٹیوں میں طلبہ کی علمی صلاحیتوں کو مزید نکھارنے کیلئے جامعۃ المدینہ کے تحت مختلف شارٹ کورسز کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

(1)دورہ صرف ونحو　(2)عقائد کورس　(3)اصول حدیث کورس　(4)توقیت کورس

(5)علم المیراث　(6)علم المنطق والفلسفہ

طلبہ کرام اپنی چھٹیوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے قریبی جامعۃ المدینہ میں ہونے والے ان کورسز میں شرکت کریں اور مزید علمی ترقیوں کے زینے چڑھتے جائیں۔ فزیکلی طور پر قریبی جامعہ میں حاضر نہ ہوسکیں تو جامعۃ المدینہ کے آفیشل فیس بک پیج کے ذریعے بھی ان کورسز میں شرکت کی جاسکتی ہے۔ facebook.com/jamiatulmadina

## تنظیمی اعلانات

(14) رمضان المبارک میں ایک ماہ اور آخری عشرے کے اعتکاف کے لئے طلبہ واساتذہ اپنے آپ کو پیش کرکے قلبِ مرشد کی راحت کا سامان بنئے، نیز نیک اعمال کے رسالے میں مذکور نیک اعمال پر عمل، مدنی قافلوں میں سفر، ہفتہ وار اجتماع میں شرکت وغیرہ دینی کاموں میں بھرپور حصہ لیجئے۔

(15) ناظمین، اساتذہ، دفاتر ذمہ داران اور طلبہ کرام، مدنی مرکز کی جانب سے دیئے گئے مدنی عطیات کے اہداف کو پورا کرنے کی بھرپور سعی اور کوشش کریں

(16) سالانہ تعطیلات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے امیر اہلسنت مدظلہ العالی کی جانب سے نیک اعمال کے رسالے میں دی گئی کتب اور دیگر ترغیباتی کتب جیسے منہاج العابدین، جاء الحق، بہارِ شریعت، تمہید الایمان وحسام الحرمین، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال وجواب، چندے کے بارے میں سوال و جواب، بنیادی عقائد اور معمولات اہل سنت، عقیدہ آخرت، دس عقیدے، اسلام کے بنیادی عقیدے، الحق المبین، اسلام کی بنیادی باتیں (تینوں حصے)، کتاب العقائد، گلدستہ عقائد واعمال، گانوں کے 35 کفریہ اشعار، 28 کلمات کفر، اعلی حضرت سے سوال وجواب،، علم القرآن، نماز کے احکام، اور فیضان سنت کے تمام ابواب (غیبت کی تباہ کاریاں، نیکی کی دعوت وغیرہ) کا ضرور مطالعہ کیجئے۔ نیز فتاوی رضویہ، احیاء العلوم اور امیر اہل سنت دامت برکاتھم العالیہ کے تمام رسائل کو بھی اپنے مطالعہ میں شامل رکھیں۔

(17) مکتبۃ المدینہ سے آنے والی درسی کتب تمام طلبہ اپنے ہی مکتبہ سے حاصل فرمائیں۔ اور جو درسی کتب مکتبۃ المدینہ نے ابھی تک شائع نہیں کیں وہ کتب بھی حتی الوسع عاشقان رسول کے مکتبوں سے شائع کردہ اور سنی علماء کی تحریر کردہ (حواشی وشروحات) ہی حاصل فرمائیں۔

منجانب

مجلس جامعات المدینہ بوائز پاکستان (دعوت اسلامی)